واجبات کی وصولیابی

دنیا کا ساتواں بڑا شہر کراچی اور اس کراچی کو بنانے والا ادارہ ہے ادارہ ترقیات کراچی 14 سال بعد اپنی سابقہ آئینی شکل میں بحال ہو چکا ہے لیکن اس ادارے کو دوبارہ پہلے جیسا شاہکار بنانے اور با احسن خوبی چلانے کے لئے جہاں اداروں حکومت سندھ اور وفاقی اداروں کا تعاون درکار ہے وہیں اس شہر کے باسی بھی اپنے فرائض سمجھتے ہوئے کچھ ذمہ داریاں ادا کریں اور واجبات ان کے ذمے باقی ہیں ان کو ادا کریں تا کہ ادارہ اپنے مختلف امور بہتر طریقے سے ادا کر سکے اور بہترین پروجیکٹ بنا کر اہلیان کراچی کو دے جس سے ان کو روزمرہ زندگی میں سہولیات میسر آئیں اسی سلسلے میں ادارہ ترقیات کراچی کے سربراہ سمیع الدین صدیقی نے ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے محکموں کے سربراہان اور افسران کو واضح ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پلاٹوں پر واجب الادا بقایاجات کی وصولیابی کو تیز کیا جائے اور نادہندگان سے فوری طور پر یہ بقایاجات وصول کئے جائیں بصورت دیگر پلاٹوں کی منسوخی کا عمل شروع کیا جائے۔ اس موقع پر سمیع الدین صدیقی نے مزید ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ صنعتی و تجارتی پلاٹوں کے نادہندہ مالکان کو بقایاجات کی ادائیگی کے نوٹسز کوریئر سروس کے ذریعے بھجوائے جائیں تا کہ ایسے مالکان ریکوری ڈپارٹمنٹ کے ڈی اے سے رابطہ کر کے اپنے بقایاجات کی ادائیگی کر سکیں بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہر کی ترقی میں ادارہ ترقیات کراچی کا ساتھ دیا جائے اور کے ڈی اے کی زمینوں کی بقایاجات کی ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے تا کہ ادارہ ترقی کر سکے اور شہر کی فلاح و بہبود میں ماضی کی طرح تاریخ ساز کردار ادا کر سکے۔

14 سال تک کسمپرسی کے بعد ادارہ ترقیات کراچی ایک دفعہ پھر ادارے کے افسران کی مسلسل کوششوں اور عملی اقدامات کے باعث سندھ ایکٹ نمبر XVI 2010ء کے ماتحت ایک خودمختار ادارہ بن چکا ہے جس کے بعد ادارہ ایک دفعہ پھر اپنی پرانی ساکھ بحال کرنے اور اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی دن رات کوششوں میں مصروف ہے کسی بھی کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اس کام میں محنت، توجہ، دلچسپی، جذبہ عزم اور ہمت کا ہونا انتہائی ضرورت ہے اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارہ ترقیات کراچی کے افسران ایک ٹیم کی طرح کام کر رہے ہیں چونکہ 14 سال تک ادارے کو مفلوج رکھنے کے بعد دوبارہ اپنی آئینی صورت میں واپس لایا گیا ہے جس کے بعد ادارے کو اپنی ساکھ بحال کرنے میں کچھ وقت درکار ہے لیکن جس محنت اور لگن سے ادارے کے افسران اور عملہ کام کر رہا ہے وہ دن دور نہیں کہ ادارہ ترقیات کراچی کی دن رات محنت سے روشنیوں کا شہر ایک دفعہ پھر روشن ہو جائے گا اور اہلیان کراچی کے مسائل حل ہو جائیں گے اور ان کو رہائش اور ضروریات زندگی کی سہولت حاصل ہو جائیں گی شہر کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ڈی جی کے ڈی اے کی سربراہی میں تمام افسران کا عزم اور جذبہ جوان ہے ماضی میں شہر کی ترقی میں ادارہ ترقیات کراچی نے اپنا ایک اہم کردار ادا کیا جس میں اس ادارے نے شہر کے باسیوں کے لئے شہر کے بنیادی انفرا اسٹرکچر کو ترقی دی۔ شہر کے مختلف مقامات پر قلیل مدت میں فلائی اوورز، پل، رہائشی اسکیمیں اور دیگر تعمیراتی منصوبے مکمل کئے جن سے شہریوں کی زندگی میں سہولیات میسر آئیں اب ادارے کی دوبارہ بحالی کے بعد افسران اسی توانائی اور جذبے کے ساتھ مسلسل کام کر رہے ہیں تا کہ شہر کی ترقی کا عمل جاری رہے اور شہریوں کو کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں۔


کے ڈی اے محکمہ آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کا عملہ دفتری امور انجام دے رہا ہے

کے ڈی اے محکمہ لینڈز کا عملہ دفتری امور انجام دے رہا ہے